(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

## نصف سے زائد (59%) پاکستانیوں نے سیلاب کے بعد بجلی، پانی یا گیس جیسی بنیادی سہولیات میں عارضی یا کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہونے کی اطلاع دی؛ شہری علاقوں کے رہائشیوں کو صرف عارضی رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑا (41%)، جبکہ دیہی علاقوں کے 28% گھرانوں کو اب بھی طویل بندش کا سامنا ہے۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 17 ستمبر 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف سے زائد (59%) پاکستانیوں نے سیلاب کے بعد بجلی، پانی یا گیس جیسی بنیادی سہولیات میں عارضی یا کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہونے کی اطلاع دی؛ شہری علاقوں کے رہائشیوں کو صرف عارضی رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑا (41%)، جبکہ دیہی علاقوں کے 28% گھرانوں کو اب بھی طویل بندش کا سامنا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" حالیہ بارشوں کے بعد آپ کے علاقے میں بنیادی سہولیات (بجلی، پانی، گیس) کی کیا صورتحال رہی ؟"**۔اس سوال کے جواب میں ، 25% جوابدہندگان کے مطابق حالیہ سیلاب یا بارشوں کے بعد اُن کے علاقے کی بنیادی سہولیات (جیسے کہ بجلی، پانی یا گیس) کی فراہمی میں ''کوئی فرق نہیں پڑا''۔ تاہم، اکثریت 31% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ اُنہیں بجلی یا دیگر سہولیات کی فراہمی میں ''عارضی رکاوٹوں'' کا سامنا کرنا پڑا۔ جبکہ 14% جوابدہندگان نے ''سہولیات کئی دن تک معطل رہنے'' کی اطلاع دی ، تشویشناک طور پر، 24% جوابدہندگان نے سروے کے دن تک اپنے علاقے میں ''بنیادی سہولیات ابھی تک بحال نہ ہونے'' کی اطلاع دی۔ صرف 6% پاکستانیوں کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا یا اُنھوں نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج دیہی علاقوں کے انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہیں، کیونکہ سیلاب کے بعد دیہی آبادیوں کو شہری علاقوں کے مقابلے میں زیادہ دیر تک سہولیات کی بندش کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

**" حالیہ بارشوں کے بعد آپ کے علاقے میں بنیادی سہولیات (بجلی، پانی، گیس) کی کیا صورتحال رہی ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 323 خواتین اور مرد حضرات سے 20 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج</u>**: حالیہ بارشوں کے باعث شہری علاقوں میں سہولیات کی فراہمی میں تیزی سے بحالی دیکھی گئی، جن میں 41% افراد کے مطابق اُنہیں بجلی یا دیگر سہولیات کی عارضی بندش کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 25% رہی۔ اس کے برعکس، 28% دیہی علاقوں کے جوابدہندگان کے مطابق اُن کے علاقے میں بجلی، پانی یا گیس جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی ابھی تک بحال نہیں ہوئی، جو شہری علاقوں کے 17% جوابدہندگان کے مقابلے میں کافی زیادہ ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دیہی علاقے طویل بجلی کی بندشوں سے زیادہ متاثر ہوتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 17th September 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)